# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ ادب اردو II(5602) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے (اردو)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1-　مثنوی کی تعریف کریں نیز عادل شاہی دور کے مثنوی نگاروں کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔　(20)

سوال 2-　ولی دکنی کے کلام کی اہمیت پر مفصل تحریر کریں۔　(20)

سوال 3-　اردو شاعری میں ایہام گوئی کے بارے میں مختصراً تحریر کریں نیز اس کے خلاف روعمل کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔　(20)

سوال 4-　اردو غزل شمالی ہند میں اپنے عروج کو پہنچتی ہے۔اس تصور کی روشنی میں میر تقی میر کی شاعری کا جائزہ لیں۔　(20)

سوال 5-　میرزا محمد رفیع سودا اور میر درد کی شاعری کا موضوعاتی مطالعہ پیش کریں۔　(20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1-　لکھنوی شاعری کے نمایاں اوصاف کیا ہیں؟ کیا غلام ہمدانی مصحفی کی شاعری میں یہ رنگ نمایاں ہے؟ وضاحت کریں۔　(20)

سوال 2-　مثنوی سحر البیان اور مثنوی گلزار نسیم کی اہمیت کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔　(20)

سوال 3-　اردو نثر کے ابتدائی نمونوں: ''سب رس اور کربل کتھا'' کی اہمیت پر مضمون تحریر کریں۔　(20)

سوال 4-　اردو زبان و ادب کی ترقی میں کن اداروں نے اہم کردار ادا کیا؟ اس ضمن میں دہلی کالج اور انجمن پنجاب کے کردار پر خصوصی روشنی ڈالیں۔

(20)

سوال 5-　غالب کی غزلوں کا، مثالوں کے ساتھ موضوعاتی مطالعہ پیش کریں۔　(20)